ٹپ وصول کرنے والے ورکرز کے لیے کم از کم اجرت
1/1/25 تا 31/12/25

یکم (1) جنوری 2025ء سے 31 دسمبر 2025ء تک، کم از کم فی گھنٹہ ریٹ جو آجروں کے لیے ٹپ وصول کرنے والے کارکنوں کو ادا کرنا ضروری ہیں، ذیل میں دکھائے گئے ہیں۔

مہمان نوازی کی صنعت			
	نیو یارک سٹی	لانگ آئلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی	نیو یارک ریاست کے باقی ماندہ حصے
سروس ملازمین	$13.75 نقد اجرت $2.75 ٹپ کریڈٹ	$13.75 نقد اجرت $2.75 ٹپ کریڈٹ	$12.90 نقد اجرت $2.60 ٹپ کریڈٹ
فوڈ سروس ورکرز	$11.00 نقد اجرت $5.50 ٹپ کریڈٹ	$11.00 نقد اجرت $5.50 ٹپ کریڈٹ	$10.35 نقد اجرت $5.15 ٹپ کریڈٹ

*ان صنعتوں و دیگر میں کم از کم اجرت کے معیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے: **dol.ny.gov/minimum-wage-0**

کم از کم اجرت کو پورا کرنے کے لیے نقد اجرت اور ٹپ کریڈٹس کو یکجا کرنا

نیو یارک ریاست کا قانون بلڈنگ سروس کے علاوہ تمام صنعتوں میں آجروں کو یہ اجازت دیتا ہے کہ کم از کم اجرت کو پورا کرنے کے لیے آجر کی طرف سے ادا کی جانے والی "نقد اجرت" کو ان ٹپس کے کریڈٹ یا الاؤنس کے ساتھ ملائے جو ملازم گاہکوں سے وصول کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، نیویارک شہر میں فوڈ سروس ورکرز کی کم از کم اجرت $16.00 فی گھنٹہ ہے۔ ان کے آجر کم از کم $10.65 کی نقد اجرت کو زیادہ سے زیادہ $5.35 فی گھنٹہ کے ٹپ الاؤنس سے ملا کر کم از کم اجرت کی شرط کو پورا کر سکتے ہیں۔

مہمان نوازی کی صنعت میں ٹپ کریڈٹس پر پابندیاں

مہمان نوازی کی صنعت میں آجر اِن کے لیے ٹپ کریڈٹ نہیں لے سکتے:

- وہ دن جب ٹپ شدہ کارکن دو گھنٹے سے زیادہ، یا شفٹ کا بیس فیصد، بغیر ٹپ کے کام کرتے ہوئے گزار دیں
- وہ ہفتے جب سروس ملازمین کو ٹپس ملتی ہیں جو اس فی گھنٹہ اوسطاً سے کم ہوتی ہیں:

فی گھنٹہ اوسط ٹپس			
	نیو یارک سٹی	لانگ آئلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی	نیو یارک ریاست کے باقی ماندہ حصے
ریزورٹ ہوٹلوں میں	$9.25	$9.25	$8.70
ریسٹورنٹس اور سارا سال کھلے رہنے والے ہوٹلوں میں	$3.55	$3.55	$3.30

دیگر صنعتوں میں ٹپ کریڈٹس پر پابندیاں

بلڈنگ سروس انڈسٹری میں کوئی ٹپ کریڈٹ میسر نہیں۔

ٹپ کریڈٹ اس وقت دستیاب نہیں ہوتا جب ہفتہ وار ٹپس اوسطاً اس کم از کم رقم سے کم ہوں جو آجر کے مقام اور سائز کے لیے مقرر کی گئی ہو۔

براہ کرم نوٹ کریں: 31 دسمبر 2020ء تک، متفرق صنعتوں (علاوہ مہمان نوازی، فارم ورکرز، اور بلڈنگ سروس کے، دیگر تمام صنعتوں) میں ٹپ الاؤنسز کی اجازت نہیں ہے۔ آجر کو ملازم کی وصول کردہ ٹپ کا کوئی بھی حصہ لینے یا اس میں سے کچھ حصے کو اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

اوور ٹائم

ٹپس وصول کرنے والے کارکنوں کے لیے آجر کو اوورٹائم کے گھنٹوں کے لیے کم از کم اجرت کی شرح کے ڈیڑھ گنا کے حساب سے ادائیگی کرنی چاہیے، سوائے اس کے کہ لاگو ہونے والا ٹپ کریڈٹ نکال دیا جائے۔

مزید معلومات کے لیے

اگر آپ کو اضافی مدد کی ضرورت ہے، یا شکایت درج کروانا چاہتے ہیں، تو براہ کرم (1-888-469-7365) 1-888-4NYSDOL پر کال کریں یا labor.ny.gov/minimumwage پر وزٹ کریں۔